SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ 2025

SINDHACT NO.XIX OF 2025

سندھ جیل خانہ جات اور اصلاحی خدمات (ترمیمی) ایکٹ، 2025

THE SINDH PRISONS AND CORRECTIONS SERVICES (AMENDMENT) ACT, 2025

(CONTENTS)فہرست

Preamble تمہید

(Sections) دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title, extent and commencement

2. 2019 کے سندھ ایکٹ نمبر X کی دفعہ 15 کی ترمیم

Amendment of section 15 of Sindh Act No.X of 2019

3. 2019 کے سندھ ایکٹ نمبر X کی دفعہ 16 کا متبادل

Substitution of section 16 of Sindh Act No.X of 2019

4. 2019 کے سندھ ایکٹ نمبر X کی دفعہ 17 کا متبادل

Substitution of section 17 of Sindh Act No.X of 2019

5. منسوخی

Repeal

سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ 2025

SINDHACT NO.XIX OF 2025

سندھ جیل خانہ جات اور اصلاحی خدمات (ترمیمی) ایکٹ، 2025

THE SINDH PRISONS AND CORRECTIONS SERVICES (AMENDMENT) ACT, 2025

[18اگست، 2025]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ جیل خانہ جات اور اصلاحی خدمات ایکٹ، 2019میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید Preamble

جیسا کہ سندھ جیل خانہ جات اور اصلاحی خدمات ایکٹ، 2019 میں ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے، جو اس طرح ہو گی۔

جو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات Short title, extent and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ جیل خانہ جات اور اصلاحی خدمات (ترمیم) ایکٹ،2025 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

سندھ ایکٹ نمبر X بابت 2019 کی دفعہ 15 کی ترمیم
Amendment of section 15 of Sindh Act No.X of 2019

2. سندھ پریزنز اینڈ کریکشنل سروسز ایکٹ، 2019 (جسے اس کے بعد 'مذکورہ ایکٹ' کہا گیا ہے) میں، دفعہ 15 کی ذیلی دفعہ (1) کی جگہ درج ذیل متبادل ہوگا:

"(1) انسپکٹر جنرل کا تقرر وزیرِ اعلیٰ کی جانب سے سروس کے ڈپٹی انسپکٹرز جنرل میں سے، یا پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، پولیس سروس آف پاکستان، ایگزیکٹو پرووِنشل سول سروس، یا پرووِنشل مینجمنٹ سروس کے BS-20/21 گریڈ کے افسران میں سے کیا جائے گا۔"

سندھ ایکٹ نمبر X بابت 2019 کی دفعہ 16 کا متبادل
Substitution of section 16 of Sindh Act No.X of 2019

3. مذکورہ ایکٹ میں دفعہ 16 کے لیئے درج ذیل کو تبدیل کیا جائے گا:

"16. ڈپٹی انسپکٹر جنرل اور اسسٹنٹ جنرل۔

(1) ڈپٹی انسپکٹر جنرل کا تقرر وزیر اعلیٰ کی جانب سے سروس کے BPS-20 گریڈ کے افسران میں سے، یا پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، پولیس سروس آف پاکستان، ایگزیکٹو پرووِنشل سول سروس یا پرووِنشل مینجمنٹ سروس سے تعلق رکھنے والے BS-20/19 گریڈ کے افسران میں سے کیا جائے گا؛ اور وہ قواعد کے تحت وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔

(2) اسسٹنٹ انسپکٹر جنرل کا تقرر وزیر برائے جیل خانہ جات کی جانب سے سروس کے BPS-18 گریڈ کے افسران میں سے کیا جائے گا، اور وہ قواعد کے تحت وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔

4. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 17 کی جگہ درج ذیل متبادل ہوگا: "17. افسرِ انچارج۔ پولیس سروس آف پاکستان اور سندھ پولیس سے تعلق رکھنے والے گریڈ BS-18/19 کے افسران میں سے، جیلوں کے سینئر سپرنٹنڈنٹس یا جیلوں کے سپرنٹنڈنٹس کو وزیرِ جیل خانہ جات کی جانب سے 'افسرِ انچارج' کے طور پر تعینات کیا جائے گا، اور وہ قواعد میں وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔"	2019 کے سندھ ایکٹ نمبر X کی دفعہ 17 کی تبدیلی Substitution of section 17 of Sindh Act No.X of 2019
5. سندھ پریزنز اینڈ کریکشنل سروسز (ترمیمی) آرڈیننس، 2025 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔	منسوخی Repeal

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔